

خُداوند میرا چوپان ہے

تیئیسویں زبور کا رُوحانی سفر

بھروسے، اُمید اور ابدی محبت پر غور و خوض

مصنف: ڈامیانو بی۔ سینٹولا
مترجم: فیاض انور

خُداوند میرا چوپان ہے

تیئسویں زبور کا رُوحانی سفر

بھروسے، اُمید اور ابدی محبت پر غوروخوض

مصنف: ڈامیانو بی۔ سینٹولا

مترجم: فیاض انور

ناشرین: وِننگ سولز فار کرائسٹ منسٹریز

جملہ حقوق بہ حق ناشرین محفوظ ہیں

ناشرین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ونگ سولز فار کرائسٹ منسٹریز

مصنف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈامیانو بی۔سینٹولا

مترجم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فیاض انور

پروف ریڈنگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زینت ناز،جینیفر فیاض

کمپوزنگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فیاض انور

تعداد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔2000

بار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اوّل

جنوری2026ء

پتہ: مریم صدیقہ ٹاؤن چن دا قلعہ، گوجرانوالہ

رابطہ:03462448983 ,03007499529

زبور 23

خُداوند میرا چوپان ہے۔ مجھے کمی نہ ہوگی۔
وہ مجھے ہری ہری چراگاہوں میں بٹھاتا ہے۔
وہ مجھے راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے۔
وہ میری جان کو بحال کرتا ہے۔
وہ مجھے اپنے نام کی خاطر صداقت کی راہوں پر لے چلتا ہے۔
بلکہ خواہ موت کے سایہ کی وادی میں سے میرا گذر ہو
میں کسی بلا سے نہیں ڈروں گا کیونکہ تو میرے ساتھ ہے۔
تیرے عصا اور تیری لاٹھی سے مجھے تسلی ہے۔
تو میرے دشمنوں کے روبرو میرے آگے دستر خوان بچھاتا ہے۔
تو نے میرے سر پر تیل ملا ہے۔ میرا پیالہ لبریز ہوتا ہے۔
یقیناً بھلائی اور رحمت عمر بھر میرے ساتھ ساتھ رہیں گی
اور میں ہمیشہ خُداوند کے گھر میں سکونت کروں گا۔

تعارف: تسلی کا بلاوا

صدیوں سے ہر قوم اور ہر قبیلے کے لوگ تیئسویں زبور سے تسلی اور قوت حاصل کرتے آئے ہیں۔ چاہے آپ بائبل مقدس سے پہلے سے مانوس ہیں یا آپ اِسے پہلی مرتبہ پڑھ رہے ہیں یہ زبور ہمیشہ سے تسلی، تحفظ اور اُمید کا پیغام پیش کرتا ہے۔ یہ زبور بنیادی انسانی ضروریات جیسا کہ راہنمائی کی خواہش، تحفظ کا یقین اور ایک روشن و تابناک مستقبل کی اُمید کے بارے میں بات کرتا ہے۔

اِس زبور کو داؤد بادشاہ نے تحریر کیا۔ اُس نے اِس زبور میں خُدا کو ایک مہربان اور محبت کرنے والے چرواہے کے روپ میں پیش کیا جو اپنی بھیڑوں کی طرح ہماری نگہبانی کرتا ہے۔ یہ زبور زندگی کے پُرسکون لمحات کے ساتھ ساتھ ازحد دشوار اور کٹھن حالات میں راہنمائی کی کہانی بھی سناتا ہے اور یہ ہمیں یقین دلاتا ہے کہ ہم کسی بھی طرح کے حالات میں تنہا نہیں ہیں۔

آئیں مل کر آیت بہ آیت اِس زبور کا سفر کرتے ہیں اور اِس بات کو جانتے ہیں کہ اِس قدیم تحریر کا آج ہماری زندگیوں میں کیا مقصد ہے۔

پہلی آیت

خُداوند میرا چوپان ہے۔ مجھے کمی نہ ہوگی۔

اِس زبور کی ابتدائی آیت بہت سادہ مگر اپنے اندر گہرے معنی رکھتی ہے۔ داؤد جو اِس زبور کا مصنف ہے وہ خُدا کو ایک چرواہے سے تشبیہ دیتا ہے۔ قدیم وقتوں میں چرواہے کی یہ ذمہ داری ہوتی تھی کہ وہ بھیڑوں کو چارہ فراہم کرے، اُن کی حفاظت کرے اور اُن کی درست سمت میں راہنمائی کرے۔ داؤد جو خود بھی کبھی چرواہا تھا وہ اِس کام کی اہمیت سے بخوبی واقف تھا۔

جب داؤد خُدا کو اپنا چرواہا کہتا ہے تو وہ یہ کہتا ہے کہ خُدا ہی ہے جو اُس کی نگہبانی کرتا، اُس کا خیال رکھتا اور اُس کی راہنمائی کرتا ہے۔ آیت کے اِس حصے ''مجھے کمی نہ ہوگی'' سے مراد یہ ہے کہ جب خُدا اُس کا چرواہا ہے تو داؤد اِس بات کو جانتا تھا کہ وہ اُس کی ہر ایک ضرورت کو پورا کرے گا۔ یہ صرف مادی چیزوں کے بارے میں نہیں بلکہ یہ اِس بات کا احساس ہے کہ وہ کسی عظیم ہستی کے سپرد ہے۔

یہ آیت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ زندگی چاہے کتنی ہی غیر یقینی اور کٹھن کیوں نہ ہو، ہم اِس بات پر بھروسا کر سکتے ہیں کہ وہ ہمارا خیال رکھتا تھا۔ وہ ہماری نگہبانی کرتا اور ہماری ضروریات کا خیال رکھتا رہا ہے، چاہے ہمیں اِس بات کا احساس نہ بھی ہو۔

دُوسری آیت

وہ مجھے ہری ہری چراگاہوں میں بٹھاتا ہے۔

وہ مجھے راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے۔

اِس آیت میں داؤد خُدا کو بہ طور چرواہا پیش کرتے ہوئے اپنی بات کو آگے بڑھتا ہے۔ یہاں وہ اُس تسلی اور آرام کی طرف اشارہ کرتا ہے جو خُدا کی نگہبانی کے ماتحت رہنے سے ملتا ہے۔ ''ہری ہری چراگاہیں'' اُس فراوانی اور محفوظ جگہ کی علامت ہیں جہاں بھیڑیں آرام و سکون حاصل کر سکتی ہیں۔ ''راحت کے چشمے'' اُس پُرسکون اور اطمینان بخش جگہ کو ظاہر کرتے ہیں جہاں بھیڑ بغیر کسی خوف سے پانی پی سکتی ہے۔

ہمارے لیے یہ الفاظ اُن لمحات کی طرف اشارہ کرتے ہیں جب ہمیں اپنی زندگیوں میں ہر چیز اطمینان بخش نظر آتی ہے اور ہم اپنے آپ کو محفوظ محسوس کرتے ہیں۔ داؤد ہمیں بتاتا ہے کہ خُدا ہی ہمیں ایسے پُرسکون مقامات تک لے کر جاتا ہے۔ چاہے یہ سکوتِ فکر کے لمحات ہوں یا آرام اور زندگی کی چھوٹی چھوٹی راحتیں ہوں۔

یہ آیت ہمیں اِس بات پر غور کرنے کے لیے آمادہ کرتی ہے کہ ہم اپنی زندگی کے اُن پُرسکون لمحات پر تدبر کریں جن کا ہم نے تجربہ کیا اور اُنھیں خُدا کی عطا سمجھیں، کیوں کہ وہ ہمیں اُن راہوں کی طرف لے کر جانا چاہتا ہے جہاں ہم بحال ہوں گے اور تسلی پائیں گے۔

تیسری آیت

وہ میری جان کو بحال کرتا ہے۔
وہ مجھے اپنے نام کی خاطر صداقت کی راہوں پر لے چلتا ہے۔

بحال کرنا ایک بہت ہی معنی خیز اصطلاح ہے۔ اِس کا مطلب ہے کہ کسی کو دوبارہ زندہ کرنا، شکستہ حال کو شفا دینا اور تھکے ماندے کو از سرِ نو تازگی دینا۔ جب داؤد کہتا ہے کہ ''وہ میری جان کو بحال کرتا ہے'' تو وہ اِس سچائی کا اقرار کرتا ہے کہ کیسے خُدا اُسے اُس وقت بحال کرتا ہے جب وہ پژمردگی، شکستہ دلی اور تھکن محسوس کرتا ہے۔

لیکن خُدا ہمیں صرف بحال ہی نہیں کرتا بلکہ وہ ہماری راہنمائی بھی کرتا ہے۔ ''صداقت کی راہیں'' زندگی کے اچھے، راست اور پاکیزہ راستے ہیں۔ داؤد ایمان رکھتا ہے کہ خُدا اُسے وہ راستہ دکھا رہا ہے جو اُس کے لیے بھی بھلائی کا سبب ہے اور اُس سے خُدا کے نام کو بھی عزت اور جلال ملتا ہے۔

یہ آیت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ شکستہ اور پژمردہ لمحات میں بھی خُدا ہمیں بحال کرتا اور اُن بہتر راستوں کی طرف لے جاتا ہے جو راستی اور سچائی سے بھرپور ہیں۔

چوتھی آیت

بلکہ خواہ موت کے سایہ کی وادی

میں سے میرا گذر ہو

میں کسی بلا سے نہیں ڈروں گا کیوں

کہ تو میرے ساتھ ہے۔

زندگی ہمیشہ پُرسکون اور آسان نہیں ہوتی ،کبھی کبھی ہم اندھیروں اور کٹھن حالات سے گزرتے ہیں، یہ وقت ''موت کے سایہ کی وادی'' کی مانند ہوتا ہے۔ یہ وہ لمحات ہوتے ہیں جب ہم خوف، ناکامی اور غیر یقینی حالات کا سامنا کرتے ہیں۔

تاہم اِن کٹھن حالات کے باوجود داؤد کہتا ہے کہ وہ اِن تاریک لمحات سے ہرگز نہیں ڈرے گا۔ کیوں کہ وہ ایمان رکھتا ہے کہ خُدا اُس کے ساتھ ہے۔ چرواہے ''عصا'' اور ''لاٹھی'' کو بھیڑوں کی نگہبانی اور حفاظت کے لیے استعمال کرتے تھے۔ داؤد کے نزدیک یہ خُدا کی حفاظت اور راہنمائی کی علامت ہیں یہاں تک کہ ہولناک ترین لمحات میں بھی۔

یہ آیت ہمیں ایک نہایت تسلی بخش پیغام دیتی ہے، چاہے زندگی کتنی ہی تاریک یا دشوار کیوں نہ ہو ہمیں ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ خُدا ہمارے ساتھ ہے اور وہ ہماری راہنمائی اور حفاظت کرتا ہے۔

پانچویں آیت

تو میرے دشمنوں کے روبرو میرے
آگے دسترخوان بچھاتا
ہے۔تو نے میرے سر پر تیل ملا ہے۔
میرا پیالہ لبریز ہوتا ہے۔

یہاں داؤد چرواہے کی تشبیہ سے میزبان کے استعارے کی طرف آتا ہے۔ وہ تصور کرتا ہے کہ خُدا اُس کے دشمنوں کے روبرو اُس کے لیے دسترخوان لگاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جب لوگ اور حالات اُسے نقصان پہنچانے کی کوشش کریں، تب بھی داؤد یقین رکھتا ہے کہ خُدا اُس کا خیال رکھتا اور اُس کی ضرورتوں کو پورا کرتا ہے۔

قدیم زمانوں میں ''سر پر تیل ملنا'' عزت اور برکت کی علامت تھا، ''میرا پیالہ لبریز ہوتا ہے'' یہ اِس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ داؤد اپنے آپ کو بے شمار برکات سے معمور پاتا ہے۔

یہ آیت ہمارے لیے ایک یاددہانی ہے کہ مشکلات اور مخالفت کے باوجود خُدا ہماری پرورش کرتا اور ہمیں ایسی برکتوں سے نوازتا ہے جن کی ہم توقع بھی نہیں کر سکتے۔ یہ خُدا کی بے پایاں شفقت اور نگہداشت کی دل آویز تصویر ہے، چاہے حالات کتنے بھی غیر یقینی نہ ہوں۔

چھٹی آیت

یقیناً بھلائی اور رحمت عمر بھر میرے

ساتھ ساتھ رہیں گی اور میں ہمیشہ

خُداوند کے گھر میں سکونت کروں گی۔

داوٗد اِس زبور کا اختتام ایمان کے اعلان کے ساتھ کرتا ہے۔ وہ اعتقاد رکھتا ہے کہ خُدا کی ''بھلائی اور رحمت'' ہمیشہ اُس کے ساتھ رہے گی چاہے کیسے بھی حالات ہوں۔ خُدا کی بھلائی اور رحمت کی صفات داوٗد کے لیے خُدا کی محبت اور وفاداری کو ظاہر کرتی ہیں۔

آخر کار داوٗد اپنے پختہ ایمان کا اظہار کرتا ہے کہ وہ ''ہمیشہ خُدا کے گھر میں سکونت'' کرے گا۔ یہ خُدا کی حضوری میں ہمیشہ کی زندگی کا وعدہ ہے جو تسلی، حفاظت اور خوشی سے بھرپور ہے۔

یہ آخری آیت ہمارے لیے اُمید کا پیغام ہے۔ اِس سے کچھ فرق نہیں پڑتا کہ حالات کیسے ہیں، ہم بھروسا رکھ سکتے ہیں کہ خُدا کی بھلائی اور رحمت ہمیشہ ہمارے ساتھ رہے گی۔ اور آخر کار ہم اُس لازوال وعدے کی وساطت سے ہمیشہ خُدا کے ساتھ رہیں گے۔

محاصل: چرواہے کی نگہبانی

تیئسواں زبور تسلی اور الٰہی حفاظت کا ایک لازوال پیغام ہے۔ یہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہم اپنی زندگیوں میں کیسے بھی حالات سے گزر رہے ہوں چاہے ہم ہری ہری چراگاہوں میں ہوں یا موت کے سایہ کی وادی میں ہوں خُدا ہمارے ساتھ ہے۔ وہ ہماری راہنمائی کرتا، ہماری ضرورتوں کو پورا کرتا اور بھلائی اور رحمت سے ہمیں سنبھالتا ہے۔

اگرچہ یہ الفاظ آپ کے لیے غیر مانوس ہیں، میں اُمید کرتا ہوں کہ یہ آپ کو تسلی دیں گے۔ چاہے آپ زندگی کی کٹھنائیوں سے گزر رہے ہیں یا آپ راحت کے چشموں کے پاس ہیں ہمیشہ اِس بات کو یاد رکھیں کہ ایک چرواہا آپ کا خیال رکھتا ہے اور اُس کی بھلائی اور رحمت ہمیشہ آپ کے ساتھ رہے گی۔

خُدا کی ابدی نگہداشت میں ہمیشہ کی تسلی اور راہنمائی کو دریافت کریں

تیئسویں زبور کو ایک نئے انداز کے ساتھ جانیں۔ یہ رُوحانی سفر خُدا کی راہنمائی، تسلی اور وفادار فراہمی کو آشکارا کرتا ہے۔ اِس زبور کا آیت بہ آیت مطالعہ بائبل کی لازوال سچائیوں کو ہماری روزمرہ زندگی سے جوڑتا اور ہماری زندگی کے ہر طرح کے حالات میں ہمیں اُمید اور اطمینان بخشتا ہے۔

مصنف کے بارے میں

ڈامیانو بی۔ سینٹولا ایک فکر انگیز مصنف اور صاحب بصیرت انسان ہیں آپ رُوحانی اور عملی پہلوؤں کو باہم جوڑنے کے غیر معمولی ہنر کے مالک ہیں۔ ایمان، سائنس اور انسانیت سے محبت آپ کی زندگی کا شعار ہے۔

آپ زندگی کے گہرے سوالات پر منفرد بصیرت فراہم کرتے ہیں۔ ایک پُرعزم مصنف کے طور پر آپ کی تحریریں ہمیں تحریک دیتی اور ہمارے شعور کو منور کرتی ہیں، تاکہ قارئین کو سچائی اور اُن کی زندگیوں کے حقیقی مقصد کی طرف لے کر جایا جاسکے۔

جب آپ اپنی تحریری خدمت میں مصروف نہ ہوں تو آپ خدمتِ انسانی، ایمان، زندگی اور ابدی میراث پر غوروخوض کرتے ہیں۔